# ۷۔ کمپیوٹر





کمپیوٹر کا ہے یہ دَور     اب جینے کا بدلا طَور
دفتر دفتر گھر گھر آج     دیکھو کمپیوٹر کا راج
قدم قدم پر صُبح و شام     کمپیوٹر ہی آئے کام
حرف سبھی اور سب اعداد     کمپیوٹر رکھتا ہے یاد
ہر زبان کر لو تحریر     اور بنا لو ہر تصویر
نئی چَلائی اس نے ریت     اس پر بھی بجتے ہیں گیت
عِلم و فن سے ہے آباد     اچّھا خاصا ہے استاد
سیکھ کے کمپیوٹر ، بچّو     اپنے خواب کو سچ کر لو

(فراغؔ روہوی)

## مشقی سرگرمیاں

### دیکھو، پڑھو، لکھو۔

کمپیوٹر (کَم - پیو - ٹَر) ........................     اعداد (اَع - دا - د) ........................
تحریر (تَح - ری - ر) ........................     تصویر (تَص - وی - ر) ........................

### تین حرفی لفظ تلاش کرکے لکھو۔

دور ، بجتے ، طور ، کمپیوٹر ، گھر ، دھوم ، خواب ، شام ، بھی ،
تحریر ، کام ، یاد ، آباد ، اور ، ریت ، خاصا ، سچ ، گیت۔

### نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

۱) آج کس کا دور ہے؟
۲) کمپیوٹر کہاں کہاں پایا جاتا ہے؟
۳) کمپیوٹر کیا کیا یاد رکھتا ہے؟
۴) کمپیوٹر پر کیا بجتے ہیں؟
۵) کمپیوٹر کیسا اُستاد ہے؟
۶) بچّے اپنے خوابوں کو کس طرح سچ کر سکتے ہیں؟

❁ مثال دیکھ کر دیے ہوئے لفظ کو توڑ کر لکھو۔

تحریر (تَح - ری - ر)

۱۔ زبان ..............................

۲۔ تصویر ..............................

۳۔ بجتے ..............................

۴۔ استاد ..............................

❁ نظم سے اپنی پسند کا شعر لکھو۔

❁ مصرعے صحیح کرکے لکھو۔

۱) یہ دور کمپیوٹر کا ہے

۲) کمپیوٹر یاد رکھتا ہے

۳) اس نے نئی ریت چلائی

۴) اس پر گیت بھی بجتے ہیں

❁ تصویر دیکھ کر کمپیوٹر کے حصّوں کے نام لکھو۔



❁ شعر پورا کرو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) | کمپیوٹر کا ہے یہ دور | .................................. |
| | .................................. | دیکھو کمپیوٹر کا راج |
| ۲) | علم و فن سے ہے آباد | .................................. |
| | .................................. | اپنے خواب کو سچ کر لو |

❁ خالی دائروں میں مناسب لفظ لکھو۔

◯ ← کمپیوٹر ہی آئے کام → ◯

◯ ← کمپیوٹر رکھتا ہے یاد → ◯

❁ ایک جیسی آواز والے الفاظ کی جوڑی تلاش کرکے لکھو۔ مثال : آج - راج

❁ مناسب جگہ نقطہ لگا کر صحیح لفظ لکھو۔

سام باد اساد آباد

VTSHWV